بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجلس انصار اللہ یو کے۔ سوالات برائے لوکل مجلس کوئز اپریل ۲۰۲۳ء۔ تفسیر کبیر جلد ا (صفحہ ۳۱۱ تا ۳۵۰)

۱) آدَمَ الخُبْزَ کے کیا معنی ہیں؟

۲) الاسمُ کے کیا معنی بیان ہوئے ہیں؟

۳) جن اسماء کا سکھانے کا قرآن مجید نے ذکر فرمایا ہے ان کے ذکر کے سلسلہ میں قرآن مجید میں سورہ الاعراف کی جس آیت کا حوالہ دیا گیا ہے اس آیت کا وہ حصہ یا اس کا ترجمہ بتائیں۔

۴) خدا تعالیٰ کی صفات کی حقیقت کو سمجھنے کے سلسلہ میں انسان اور فرشتوں میں کیا فرق بیان ہوا ہے؟ ۳۱۳

۵) ناموں کی نسبت سے عربی زبان کی کیا خصوصیت بیان ہوئی ہے۔

۶) بامعانی نام ہونے کی ایک مثال خُبْزٌ ہے اس کا کیا مطلب بیان کیا گیا ہے۔

۷) خالی جگہ کو پُر کریں، عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ کی ایک اور تفسیر بھی ہو سکتی ہے اور وہ یہ کہ عَلَّمَ کے معنی خارجی ذرائع سے سکھانے کے علاوہ طبعی طور پر سکھانے کے بھی ہوں یعنی یہ مطلب بھی ہو کہ آدم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۸) وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ كُلَّهَا میں کُل کے لفظ کی کیا تشریح بیان ہوئی ہے۔

۹) قرآن مجید کی جس آیت میں تکمیل دین کا ذکر ہے وہ بیان کریں۔

۱۰) اس بات کو ثابت کرنے کیلئے کہ مسلمان صلح جو تھے جس آیت کا ذکر کیا گیا ہے وہ آیت یا اس کا ترجمہ بتائیں۔

۱۱) فرشتوں کی نسبت جب یہ کہا گیا کہ اِن كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ تو اس کے کیا معنی بیان ہوئے ہیں۔

۱۲) اللہ تعالیٰ کے تعلیم دینے کی ایک مثال حضرت مصلح موعودؓ نے جو بیان فرمائی ہے وہ کیا ہے۔ ۳۱۹

۱۳) عربی ڈکشنری کے لحاظ سے اَلْحَكِيْمُ کے کیا معنی بیان ہوئے ہیں۔ ۳۱۹

۱۴) حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں کہ بعض لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے آدم کو سکھایا تو وہ سیکھ گیا فرشتوں کو نہ سکھایا وہ نہ سیکھے پھر اس میں فرشتوں کا کیا قصور اور ان کی بات کو غلط کہنا کس طرح درست ہو سکتا ہے۔ یہ اعتراض جس وجہ سے پیدا ہوا اس میں آیت کے سمجھنے میں جن دو غلطیوں کا ذکر ہے، وہ کیا ہیں۔

۱۵) حضرت مصلح موعودؓ نے اس سوال کے جواب میں کہ ایسے وجودوں کی کیا ضرورت ہے جو گناہ بھی کر سکیں اور شریعت کے مجرم بھی ہو سکیں، کیا بیان فرمایا ہے۔

۱۶)حضرت مصلح موعودؓ نے آدم کے واقعہ کی تفصیل بیان ہونے کی کیا غرض بیان کی ہے۔

۱۷)فرشتوں کے اس قول،لَاعِلۡمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا، کا کیا صحیح مفہوم بیان ہوا ہے۔

۱۸)لفظ تَکۡتُمُوۡنَ کا کیا پورا صیغہ بیان ہوا ہے۔

۱۹)حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں کہ فرشتوں یا آدم میں واقعی کوئی ایسا مکالمہ نہیں ہوا بلکہ عربی محاورہ کے مطابق ایک حقیقت جو بیان کی جائے اسے مکالمہ کا رنگ دے دیا جاتا ہے،اس سلسلہ میں جس مثال کا ذکر ہوا ہے وہ بتائیں۔

۲۰)وَاَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَمَا کُنۡتُمۡ۔ تَکۡتُمُوۡنَ سے یہ مراد نہیں کہ فرشتوں کے دلوں میں کوئی ایسا اعتراض تھا جسے وہ چھپاتے تھے اس کا صحیح مفہوم کیا بیان ہوا ہے۔

۲۱)اہل عرب کہتے ہیں فُلَانٌ سَاجِدُ الۡمِنۡخَرِ۔ اس کے کیا معنے بیان ہوئے ہیں۔

۲۲)لفظ اِبۡلِیۡس کے سلسلہ میں اَبۡلَسَ کے کیا معنے بیان ہوئے ہیں۔

۲۳)قرآن مجید سے معلوم ہوتا ہے کہ غیر اللہ کو سجدہ کسی صورت میں جائز نہیں۔اس سلسلہ میں سورہ حٰم سجدہ کی جس آیت کا ذکر ہے وہ آیت یا اس کا ترجمہ بتائیں

۲۴)اس آیت کا حوالہ بتائیں جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فرشتے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے سامنے ہی سجدہ کرتے ہیں۔

۲۵)اُسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ کے یہ معنے نہیں کہ آدم کو سجدہ کرو اس کی تشریح میں جو صحیح معنے بیان ہوئے ہیں وہ کیا ہیں۔

۲۶)علم نحو کے ایک مشہور فقرہ جَآءَ الۡقَوۡمُ اِلَّا حِمَارَھُمۡ کی مثال دیکر کیا سمجھایا گیا ہے۔

۲۷)حل لغات راغب کے قول کو بیان کر کے اُسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ کے کیا معنے بیان ہوئے ہیں۔

۲۸)خالی جگہ کو پُر کریں،اسی طرح جب اللہ تعالیٰ ملائکہ کو کوئی حکم دیتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔

۲۹)ابلیس کے انکار کے کتنے اسباب بتائے گئے ہیں۔اس میں سب سے پہلے دو اسباب کیا بتائے گئے ہیں۔

۳۰)ابلیس کے انکار کا تیسرا سبب کیا تھا۔

۳۱)ابلیس کے انکار کا چوتھا سبب کیا تھا۔

۳۲)اس بات کو بتانے کیلئے کہ حضرت آدمؑ نے نافرمانی نہیں کی تھی حضرت مصلح موعودؓ نے کس آیت کا حوالہ دیا ہے۔

۳۳)حضرت مصلح موعودؓ نے ابلیس اور شیطان کے معنوں میں کیا فرق بتایا ہے۔۳۳۱

۳۴)سورہ الکھف کی آیت کی مثال دیکر حضرت مصلح موعودؓ نے سُلطانٌ کے کیا معنے بتائے ہیں۔

۳۵)اس حدیث کا ترجمہ بتائیں۔کُلُّ مَولُودٍ یُولَدُ عَلیٰ الفِطرَۃِ فَاَبَوَاہُ یُھَوِّدَانِہٖ او یُنَصِّرَانہ اَوْ یُمَجِّسَانِہٖ۔۳۳۳

۳۶)لفظ اُسْکُنْ کا صیغہ بتائیں۔

۳۷)مفردات کی ڈکشنری کے لحاظ سے ظلم کی کتنی قسمیں بیان ہوئی ہیں اور وہ کونسی ہیں۔

۳۸)اس بات کو ثابت کرنے کیلئے کہ حضرت آدم بعد الموت والی جنت میں نہ تھے حضرت مصلح موعودؓ نے جن دو آیات کا ذکر کیا ہے ان میں کیا بتایا
یا ہے۔۳۳۶

۳۹)اس اعتراض کے جواب میں کہ اسلام نے حجاز میں دوسرے مذاہب کے لوگوں کا داخلہ منع کیا ہے، حضرت مصلح موعودؓ نے کیا جواب دیا ہے۔

۴۰) شجرہ کے لفظ کا استعارۃً استعمال ہونے کے کتنے ثبوت بتائے گئے ہیں کوئی سے دو بتائیں۔۳۳۸

۴۱)خالی جگہ کو پُر کریں، آدم اور اللہ تعالیٰ کی گفتگو عام انسانی بول چال کی طرح نہ تھی وہ لازماً اسی طرح ہوئی ہوگی جس طرح۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۴۲)اقرب کی ڈکشنری کے تحت لفظ اَزَلَّھُمَا کے کیا دو معنے بتائے گئے ہیں۔

۴۳) حل لغات کی رو سے لفظ اَزَلَّ کا کیا مفہوم بیان ہوا ہے۔۳۴۱

۴۴)خالی جگہ پُر کریں، اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ مومن و کافر نیک اور بد کو ایک ہی جگہ رہنا پڑتا ہے اس لئے۔۔۔۔۔۔۔

۴۵)شیطان اور منافقوں میں کیا مماثلت بیان ہوئی ہے۔۳۴۳

۴۶)سورہ اعراف کی آیت سے کیا معلوم ہوتا ہے کہ شیطان نے حضرت آدم کو کیا کہہ کر دھوکا دیا۔

۴۷)اس سوال کے جواب میں کہ وہ کیا امر تھا جس کے بارہ میں شیطان نے دھوکا دیا۔حضرت مصلح موعودؓ نے کیا فرمایا ہے۔۳۴۵

۴۸)سورہ البقرہ کی آیت اِھْبِطُوا مِصْراً کے حوالہ سے کیا ثابت کیا گیا ہے۔

۴۹)اس بات کے بتانے کے طور پر کہ حضرت آدمؑ کے ساتھ ان کے اتباع بھی تھے کیا ثبوت بیان ہوا ہے۔۳۴۷

۵۰)لفظ خلود کے کیا معنے ہیں۔

۵۱)بشر کی دوسرے حیوانوں سے فضیلت کس ذریعہ سے ہے۔